احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

ہفتہ 20 دسمبر 2008ء

روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 20 دسمبر 2008ء 21 ذوالحج 1429 ہجری 20 فتح 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 287

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یادرکھو کہ خداتعالیٰ نیکی کو بہت پسند کرتا ہے اور وہ چاہتا ہے کہ اس کی مخلوق سے ہمدردی کی جاوے۔ اگر وہ بدی کو پسند کرتا تو بدی کی تاکید کرتا مگر اللہ تعالیٰ کی شان اس سے پاک ہے (سبحانہ تعالیٰ شانہ)

بعض لوگ جن کو حق کے ساتھ دشمنی ہوتی ہے۔ جب ایسی تعلیم سنتے ہیں تو اور کچھ نہیں تو یہی اعتراض کر دیتے ہیں کہ ......میں ہمدردی اگر ہوتی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لڑائیاں کیوں کی تھیں؟ نادان اتنا نہیں جانتے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو جنگ کئے وہ تیرہ برس تک خطرناک دکھ اٹھانے کے بعد کئے اور وہ بھی مدافعت کے طور پر۔ تیرہ برس تک ان کے ہاتھوں سے آپ تکلیف اٹھاتے رہے۔ مسلمان مرد اور عورتیں شہید کی گئیں۔ آخر جب آپ مدینہ تشریف لے گئے اور وہاں بھی ان ظالموں نے پیچھا نہ چھوڑا۔ تو خداتعالیٰ نے مظلوم قوم کو مقابلہ کا حکم دیا اور وہ بھی اس لئے کہ شریروں کی شرارت سے مخلوق کو بچایا جائے اور ایک حق پرست قوم کے لئے راہ کھل جائے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی کسی کے لئے بدی نہیں چاہی۔ آپ تو رحم مجسم تھے۔ اگر بدی چاہتے تو جب آپ نے پورا تسلط حاصل کر لیا تھا اور شوکت اور غلبہ آپ کو مل گیا تھا تو آپ ان تمام ائمۃ الکفر کو جو ہمیشہ آپ کو دکھ دیتے رہتے تھے۔ قتل کروا دیتے اور اس میں انصاف اور عقل کی رو سے آپ کا پلہ بالکل پاک تھا۔ مگر باوجود اس کے کہ عرف عام کے لحاظ سے اور عقل اور انصاف کے لحاظ سے آپ کو حق تھا کہ ان لوگوں کو قتل کروا دیتے مگر نہیں، آپؐ نے سب کو چھوڑ دیا۔ آج کل جو لوگ غداری کرتے ہیں اور باغی ہوتے ہیں انہیں کون پناہ دے سکتا ہے۔ ......باغی کے لئے کسی قانون میں رہائی نہیں۔ لیکن یہ آپ ہی کا حوصلہ تھا کہ اس دن آپ نے فرمایا کہ جاؤ تم سب کو بخش دیا۔ اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو نوع انسان سے بہت بڑی ہمدردی تھی ایسی ہمدردی کہ اس کی نظیر دنیا میں نہیں مل سکتی۔ اس کے بعد بھی اگر کہا جاوے کہ......... دوسروں سے ہمدردی کی تعلیم نہیں دیتا تو اس سے بڑھ کر ظلم اور کیا ہوگا؟ یقیناً یاد رکھو کہ مومن متقی کے دل میں شر نہیں ہوتا۔ جس قدر انسان متقی ہوتا جاتا ہے اسی قدر وہ کسی کی نسبت سزا اور ایذا کو پسند نہیں کرتا۔......... کبھی کینہ ور نہیں ہو سکتا۔ ہم خود دیکھتے ہیں کہ ان لوگوں نے ہمارے ساتھ کیا کیا ہے کوئی دکھ اور تکلیف جو وہ پہنچا سکتے تھے انہوں نے پہنچایا ہے لیکن پھر بھی ان کی ہزاروں خطائیں بخشنے کو اب بھی تیار ہیں۔

پس تم جو میرے ساتھ تعلق رکھتے ہو۔ یاد رکھو کہ تم ہر شخص سے خواہ وہ کسی مذہب کا ہو، ہمدردی کرو اور بلاتمیز ہر ایک سے نیکی کرو کیونکہ یہی قرآن شریف کی تعلیم ہے۔

(ملفوظات جلد چہارم ص 218)

عظیم الشان استقلال

پروفیسر فریمین لکھتے ہیں کہ:۔

''حقیقی اور سچے ارادوں کے علم کے بغیر یقیناً کوئی اور چیز محمد (ﷺ) کو اس لگاتار استقلال کے ساتھ جس کا آپؐ سے ظہور ہوا آگے نہیں بڑھا سکتی تھی۔ ایسا استقلال جس میں پہلی وحی کے نزول کے وقت سے لے کر آخر دم تک نہ کبھی آپؐ متذبذب ہوئے اور نہ کبھی آپؐ کے قدم سچائی کے اظہار سے ڈگمگائے۔''

(رسالہ نظام المشائخ بحوالہ :برگزیدہ رسول غیروں میں مقبول صفحہ:43)

مریم شادی فنڈ

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اپنی زندگی میں جو آخری مالی تحریک فرمائی وہ ''مریم شادی فنڈ'' ہے۔

مورخہ 28 فروری 2003ء کے خطبہ جمعہ میں اس تحریک کا اعلان کرتے ہوئے آپ نے فرمایا:۔

''اس فنڈ کا نام مریم شادی فنڈ رکھ دیتا ہوں امید ہے کہ اب یہ فنڈ کبھی ختم نہیں ہوگا اور ہمیشہ غریب بچیوں کو عزت کے ساتھ رخصت کیا جا سکے گا۔''

(الفضل 6 مئی 2003ء)

احباب جماعت کو حضور کی اس تحریک میں خداتعالیٰ کی دی ہوئی توفیق سے ضرور حصہ لینا چاہئے اور اپنی شادیوں کے مواقع پر اس تحریک میں بھی ادائیگی کرنی چاہئے تا کہ مستحق، بے سہارا اور یتیم بچیاں بھی عزت کے ساتھ رخصت ہو سکیں نیز ایسے افراد جنہیں اللہ تعالیٰ نے مالی فراخی عطا فرمائی ہے وہ شکرانے کے طور پر اپنی استطاعت کے مطابق ضرور اس بابرکت تحریک میں شامل ہونے کی کوشش کریں۔ جزاکم اللہ

(ناظر اعلیٰ)

خلافت لائبریری میں نمائش

خلافت لائبریری ربوہ میں صد سالہ خلافت جوبلی کے سلسلہ میں جماعت احمدیہ کے سو سالہ دور میں چھپنے والی کتب، اخبارات اور رسائل کی نمائش 4 دسمبر سے شروع ہے جو 22 دسمبر 2008ء تک جاری رہے گی۔ احباب اس سے استفادہ کریں۔

نمائش کے اوقات درج ذیل ہونگے

صبح 8:00 تا 10:30 بجے	مرد حضرات
صبح 10:30 تا 12:30 بجے	خواتین
دوپہر 12:30 تا 3:00 بجے	مرد حضرات
سہ پہر 3:00 تا 5:00 بجے	خواتین
شام 5:00 بجے تا 7:00 بجے	فیملی
رات 7:00 تا 8:00 بجے	مرد حضرات

(انچارج خلافت لائبریری)

10 واں اور خلافت احمدیہ جوبلی سالانہ کنونشن

ایسوسی ایشن آف احمدی کمپیوٹر پروفیشنلز پاکستان

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ایسوسی ایشن آف احمدی کمپیوٹر پروفیشنلز پاکستان (AACP) کے زیر اہتمام 10 واں اور خلافت احمدیہ جوبلی کنونشن مورخہ یکم اور 2 نومبر 2008ء کو ایوان ناصر میں منعقد کیا گیا۔ جس میں پاکستان بھر سے 200 سے زائد کمپیوٹر پروفیشنلز، طلباء و طالبات اور مہمانان نے شرکت کی۔ مورخہ یکم نومبر کو نماز مغرب وعشاء کے بعد افتتاح مکرم سید طاہر احمد صاحب پیٹرن AACP نے کیا۔ جس کے بعد ٹیکنیکل سیشن کا آغاز ہوا جس کے مہمان خصوصی مکرم سید عزیر احمد صاحب وائس چیئرمین AACP تھے۔ اس سیشن کے پہلے حصہ میں پینل گفتگو تھی جس کا عنوان ٹیلی کام سیکٹر میں انفارمیشن ٹیکنالوجی کا عمل دخل۔ اس پینل میں مندرجہ ذیل پروفیشنلز شامل تھے۔

1۔ مکرم ناہیل محمود صاحب
2۔ مکرم احمد یحییٰ صاحب
3۔ مکرم مدثر خالد صاحب

اس پینل گفتگو میں موثر انداز میں ٹیلی کام انڈسٹری کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی اور حاضرین کے سوالوں کے جواب بھی دیئے گئے۔

دوسری پینل گفتگو کا موضوع بینکنگ سیکٹر میں انفارمیشن ٹیکنالوجی کی اہمیت تھا۔ اس پینل کے شرکاء یہ تھے۔

1۔ مکرم اطہر اکرم چٹھہ صاحب
2۔ مکرم صداقت احمد ارادت صاحب
3۔ مکرم وسیم احمد رفاقت صاحب

اس پینل نے بھی دلچسپ و مفید معلومات فراہم کیں اور حاضرین کے سوالات کے جواب دیئے۔

مورخہ 2 نومبر کو صبح ساڑھے نو بجے پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ مہمان خصوصی مکرم ڈاکٹر سید غلام احمد فرخ صاحب چیئرمین AACP تھے۔ سب سے پہلے مکرم سید عزیر احمد صاحب Wateen ٹیلی کام لاہور نے انفارمیشن سیکیورٹی اور ڈیجیٹل Forensics کے عنوان پر ایک پریزنٹیشن پیش کی۔ مستقبل کے لئے انفارمیشن سیکیورٹی ایک ضروری اور اہم شعبہ ہے بعدازاں IT بزنس کے حوالے سے ایک Case Study پیش کی گئی جس میں تین ممبرز (مکرم ناصرالدین صاحب، مکرم طارق سعید صاحب اور مکرم محمود احمد صاحب) نے اپنے تجربات اور مشاہدات سے بتایا کہ سوفٹ ویئر میں کاروبار کرنے اور چھوٹی کمپنیوں کے قائم کرنے کے کیا طریقے اور کیا مسائل ہیں۔ آخر پر سوالات کے جواب بھی دیئے گئے۔ اس موقع پر مکرم چیئرمین صاحب AACP نے AACP بزنس کونسل کے قیام کا اعلان کیا جس کا مقصد انفارمیشن ٹیکنالوجی کے بزنس میں احمدیوں کی مدد اور مختلف شعبہ جات میں مہارت حاصل کرنے کے لئے مشاورت اور مدد کرنا ہے۔

چائے کے وقفہ کے بعد مکرم سید طاہر احمد صاحب پیٹرن کی صدارت میں 10-2009ء کے انتخابات ہوئے۔ اختتامی تقریب کے مہمان خصوصی مکرم ڈاکٹر مسعودالحسن نوری صاحب ایڈمنسٹریٹر طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ تھے۔ تلاوت کے بعد مکرم سید عزیر احمد صاحب نے رپورٹ پیش کی۔ جس میں انہوں نے 2008ء میں AACP کے تحت ہونے والے اہم امور پر روشنی ڈالی۔

ایسوسی ایشن کے اغراض و مقاصد کے بارے میں انہوں نے بتایا AACP کا مقصد کمپیوٹر سائنس اور انجینئرنگ کے پیشہ کو جماعت میں ترقی دینا ہے، جماعت میں انفارمیشن ٹیکنالوجی کے ونگ کے طور پر خدمات بجالانا اور کمپیوٹر کی جملہ ضروریات پوری کرنے کے لئے ٹیکنیکل مدد فراہم کرنا۔ انہوں نے بتایا کہ تحقیقی کاموں کو ترقی دینا، تحقیقی مقالے لکھوانا اور اسی قسم کی دیگر آرگنائزیشنز سے معلومات کا تبادلہ کرنا بھی اس کے مقاصد میں شامل ہے۔ کیرئر پلاننگ اور پیشہ وارانہ سرگرمیوں میں کمپیوٹر سائنس اور انجینئرنگ کے طلباء کی راہنمائی کرنا اور تازہ ترین معلومات اور ٹیکنیکس کے حوالے سے AACP کے ممبرز کی مدد کرنا اور اعتماد، حوصلہ اور پیشہ ورانہ اور انفرادی زندگی میں آگے سے آگے بڑھتے چلے جانے کے لئے ممکنہ راستے مہیا کرنا بھی اس کے مقاصد ہیں۔ انہوں نے اپنی رپورٹ میں بتایا کہ AACP کے چھ چیپٹرز میں 26 سیمینارز اور ورکشاپس منعقد ہوئیں جن میں 390 سے زائد ممبرز نے شرکت کی امسال کیریئر کونسلنگ کے تحت 75 طلباء کو راہنمائی کی گئی۔ لوکل چیپٹرز نے 9 نیوز لیٹرز پبلش کئے۔ IT پروفیشنلز اور طلباء کے درمیان رابطہ پیدا کرنے کے لئے ایک Job Fairs منعقد کیا گیا جس سے 30 طلباء و طالبات مستفید ہوئیں۔ انہوں نے بتایا امسال 25 ممبرز نے AACP کی مدد سے ملازمت حاصل کی۔ ربوہ، لاہور، کراچی، اسلام آباد، راولپنڈی اور واہ کے چیپٹرز نے امسال لوکل کنونشنز منعقد کئے جن میں 800 ممبرز نے شرکت کی۔ امسال سنٹرل ایگزیکٹو کمیٹی (CEC) اور صدران چیپٹرز ربوہ میں 8 میٹنگز ہوئیں انہوں نے بتایا کہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی منظوری سے خلفاء احمدیت کے تعارف پر مشتمل ملٹی میڈیا پریزنٹیشن بنائی گئی ہے۔ لاہور میں کمپیوٹر ٹریننگ سیٹ اپ بنایا گیا ہے۔ DVD اور CD فارمیٹ میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی ترجمۃ القرآن کلاس کی ایک ہزار کاپیاں تقسیم کی گئی ہیں ربوہ سے Live خلافت جوبلی پروگرام ٹیلی کاسٹ کرنے میں AACP ممبرز نے ٹیکنیکل مدد فراہم کی اور ایسوسی ایشن کی طرف سے 10 واں سالانہ ٹیکنیکل میگزین بھی اس موقع پر شائع کیا گیا ہے۔ طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ میں نیٹ ورکنگ (Networking) سے متعلق ٹیکنیکل مدد کی جا رہی ہے AACP کی میلنگ لسٹ کے ذریعہ سینکڑوں ممبران مفید معلومات کا تبادلہ کرتے رہتے ہیں۔ اس لسٹ کا ممبر بننے کے لئے مندرجہ ذیل ایڈریس پر رابطہ کریں۔

chairman@aacp.info

بعدازاں محترم مہمان خصوصی نے اس کنونشن سے دلچسپ خطاب فرمایا۔ جس میں انہوں نے خلفاء سلسلہ کے ساتھ بعض گزرے ایمان افروز واقعات بیان کئے۔ ان کا یہ خطاب ڈیڑھ گھنٹہ جاری رہا اور تمام شرکاء نے انہماک سے سنا۔

حسن کارکردگی کے لحاظ سے امسال ربوہ چیپٹر نے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ محترم مہمان خصوصی نے مکرم قمر شیراز صاحب صدر ربوہ چیپٹر کو شیلڈ دی۔ اختتامی دعا کے بعد یہ تقریب اختتام کو پہنچی۔ نماز ظہر و عصر کے بعد مہمانان کو ظہرانہ دیا گیا۔

(رپورٹ: ایف شمس)

خدا تعالیٰ کا شکر اور دعا

بزبان حضرت اماں جان

ہے عجب میرے خدا میرے پہ احساں تیرا
کس طرح شکر کروں اے مرے سلطاں تیرا
ایک ذرہ بھی نہیں تو نے کیا مجھ سے فرق
میرے اس جسم کا ہر ذرہ ہو قرباں تیرا
سر سے پا تک ہیں الٰہی ترے احساں مجھ پر
مجھ پہ برسا ہے سدا فضل کا باراں تیرا
تو نے اس عاجزہ کو چار دیئے ہیں لڑکے
تیری بخشش ہے یہ اور فضل نمایاں تیرا
پہلا فرزند ہے محمود، مبارک چوتھا
دونوں کے بیچ بشیر اور شریفاں تیرا
تو نے ان چاروں کی پہلے سے بشارت دی تھی
تو وہ حاکم ہے کہ ٹلتا نہیں فرماں تیرا
تیرے احسانوں کا کیونکر ہو بیاں اے پیارے
مجھ پہ بے حد ہے کرم اے مرے جاناں تیرا

(درثمین)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم محمد اشرف کاہلوں صاحب

قرآن مجید کی فضیلت اور آداب تلاوت

قرآن مجید کی شان اس ارشاد باری تعالیٰ سے ظاہر ہے کہ وہ انہ لقول فصل ہے۔(طارق: 15,14)۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اس کتاب اللہ کو دیگر اور ناموں سے بھی موسوم کیا ہے۔ مثلاً یہ کہ وہ میزان، مہیمن، نور، شفاء، رحمت، الکتاب، قرآن کریم، کتاب مکنون، کتاب مسطور، الفرقان اور ذکر مبارک ہے۔

یہ تمام اسمائے گرامی قرآن مجید کی صوری اور معنوی حسن و جمال کو آشکار کرتے ہیں۔ قرآن شریف جو کہ خاتم الکتب ہے۔ اس کی ظاہری اور باطنی حفاظت کا ذمہ خود خالق کائنات نے انا نحن نزلنا (-) (حجر:10) کی صورت میں لیا ہے۔ یہ وعدہ حفاظت روز قیامت تک ممتد ہے۔

قرآن کریم کے نزول کی علت غائی ”ھدی للناس“ سے ”ھدی للمتقین“ کے درجہ کو پہنچی ہوئی ہے۔ انسان روحانی طور پر تقویٰ کے جس مقام پر کھڑا ہے۔ اس کتاب پاک کی سچی اتباع اسے تقویٰ اور ہدایت کے دیگر بلند مدارج کی راہنمائی ہمہ وقت کرتی رہتی ہے۔ گویا روحانی نقطہ ارتفاع کی جانب یہ مقدس کتاب نشان منزل ہے۔

کس سے اس نور کی ممکن ہو جہاں میں تشبیہ
وہ تو ہر بات میں ہر وصف میں یکتا نکلا

احادیث مبارکہ میں قرآن شریف کی فضیلت یوں بیان ہوئی ہے۔

روز حشر شفاعت کا وسیلہ

قرآن کریم سے سچی محبت اور پیروی سے انسان اس کی شفاعت کا سزاوار ٹھہراتا ہے۔ حضرت ابو امامہؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ قرآن پڑھو۔ یقیناً یہ قیامت کے دن تمہاری شفاعت کرنے والا ہوگا۔

(مسلم بحوالہ ریاض الصالحین باب فضل قراءت القرآن)

بہترین انسان

جو شخص قرآن مجید کے علم و تعلم میں مشغول کار ہے۔ وہ بہترین انسانوں کے زمرہ میں داخل ہے۔ جیسا کہ حضرت رسول اکرم ﷺ فرماتے ہیں۔ تم میں بہترین وہ شخص ہے جو خود قرآن سیکھے اور پھر دوسروں کو پڑھائے۔(بخاری)

قابل رشک انسان

حسد اگرچہ ایک قابل تحسین فعل نہیں مگر قرآن شریف کے معاملہ میں اسے جائز قرار دیا گیا ہے۔ آنحضرت ﷺ کا ارشاد گرامی ہے۔ دو آدمیوں کے سوا حسد جائز نہیں ہے۔ ایک وہ شخص جسے قرآن آتا ہے اور وہ دن رات اس کی تلاوت میں مصروف رہتا ہے اور دوسرا وہ شخص جسے اللہ تعالیٰ نے مال دیا ہے اور وہ اسے رات دن خدا کی راہ میں خرچ کرتا ہے۔

ویران گھر

ویران گھر کی خستہ حالی عبرت انگیز ہوتی ہے اور سبق آموز بھی۔ کیونکہ اس میں زینت خانہ کے تمام سامان زاویۂ عدم رکھتے ہیں۔ بعینہٖ اگر ایک آدمی کا صحن سینہ نور قرآن سے منور نہیں۔ اس کے حافظہ میں قرآن مجید کی آیات کی شمع روشن نہیں تو وہ بھی ویرانہ کی مانند ہے۔ حضرت نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں ”وہ شخص جس کے سینہ میں قرآن نہیں وہ ویران گھر کی مانند ہے“۔ (ترمذی)

آداب تلاوت

قرآن مجید جو کہ ایک بابرکت کتاب الٰہی ہے اور جس کے اندر ”بہار جاوداں“ کے موسم موجود ہیں۔ وہ متقاضی ہے کہ آداب تلاوت کے زیور سے آراستہ بھی ہو۔ خود اس کتاب اللہ نے ان آداب کو بیان بھی کر دیا ہے جو حسب ذیل ہیں۔

تلاوت سے قبل استعاذہ

انسان کے ساتھ دو داعی مستقل لازم فطرت ہیں۔ ایک داعی الی الخیر اور دوسرا داعی الی الشر۔ داعی الی الشر بدی کی تحریکوں کو جنم دینے میں جتا رہتا ہے۔ اس پر غلبہ پانا عبودیت کی غرض و غایت ہے۔ وساوس سے خلاصی پانا تاکہ توجہ مقصد حقیقی کی طرف قائم رہے۔ ضروری ہے کہ ایسا اکسیر نسخہ ہو جو تیر ہدف کا کام دے سکے۔ قرآن مجید کی تلاوت کرنا اور اس کے مضامین کو فہم وادراک کا آئینہ بنانا اس امر کو چاہتا ہے کہ داعی الی الشر کو دفع کیا جائے۔ چنانچہ قرآن حکیم کی تلاوت سے قبل یہ حکم دیا گیا ہے۔

پس جب تو قرآن پڑھے تو دھتکارے ہوئے شیطان سے اللہ کی پناہ مانگ۔(سورۃ نحل:99) یعنی تعوذ پڑھنا چاہئے۔

طہارت

فرقان حمید کی تلاوت سے قبل ظاہری و باطنی پاکیزگی شامل حال ہونی لازم ہے۔ کیونکہ فیض و برکات اور معارف قرآنی کا گہرا تعلق اور واسطہ ہے۔ بلکہ اسے شرط لازم قرار دیا گیا ہے۔ ارشاد ربانی ہے۔ ترجمہ کوئی اسے چھو نہیں سکتا سوائے پاک کئے ہوئے لوگوں کے۔ (الواقعہ:80)

تلاوت کے وقت خاموشی

جب دوسرے قرآن کریم کی تلاوت کر رہے ہوں یا تلاوت ہو رہی ہو۔ تو آداب تلاوت میں یہ چیز شامل ہے کہ اسے نہایت خاموشی سے سنا جائے۔ کارہائے دیگر پر توجہ نہ ہو۔ حکم خداوندی ہے۔

اور جب قرآن پڑھا جائے تو اسے غور سے سنو اور خاموش رہو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

(اعراف:205)

تلاوت قرآن پاک کا بہترین وقت

صبح کے وقت قرآن کریم کی تلاوت کو افضل قرار دیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

یقیناً فجر کو قرآن پڑھنا ایسا ہی ہے کہ اس کی گواہی دی جاتی ہے۔ (بنی اسرائیل:79)

خوش الحانی سے تلاوت کرنا

قرآن مجید کو خوش الحانی سے پڑھنا بھی آداب تلاوت میں شامل ہے۔ قرآن مجید میں

اور قرآن کو خوب نکھار کر پڑھ (مزمل:5)

کی ہدایت کی گئی ہے۔ خوش الحانی سے قرآن مجید کی تلاوت کرنا روح اور ماحول پر خوشگوار اثر مرتب کرتا ہے۔ حضرت نبی اکرم ﷺ اسی ضمن میں برنگ وعید فرماتے ہیں جس نے خوش الحانی سے قرآن نہ پڑھا وہ ہم میں سے نہیں ہے۔(ابوداؤد)

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں خوش الحانی سے قرآن شریف پڑھنا بھی عبادت ہے۔

(الحکم 24 مارچ 1903ء)

تلاوت قرآن مجید کے طریق

قرآن مجید کے افضال و انوار اور معارف و لطائف اور حقائق و دقائق سے آگہی کے لئے ضروری ہے کہ اس طریق پر گامزن ہوا جائے جو ان مقاصد کے حصول میں ممد و معاون ہے۔ حضرت مسیح موعود اس باب میں یوں چراغ راہ بنتے ہیں۔

حقائق و معارف پر اطلاع پانا

آپ فرماتے ہیں۔

قرآن شریف کی تلاوت کی اصل غرض تو یہ ہے کہ اس کے حقائق اور معارف پر اطلاع ملے اور انسان ایک تبدیلی اپنے اندر پیدا کرے۔ یاد رکھو کہ قرآن شریف میں ایک عجیب و غریب اور سچا فلسفہ ہے۔ اس میں ایک نظام ہے جس کی قدر نہیں کی جاتی۔ جب تک نظام اور ترتیب قرآن کو مدنظر نہ رکھا جاوے اور اس پر پورا غور نہ کیا جاوے۔ قرآن شریف کے اغراض پورے نہ ہوں گے۔ (الحکم 31 مارچ 1901ء ص3 کالم1)

تقویٰ شعاری اختیار کرنا

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ قرآن شریف کی تعریف میں فرماتا ہے ھدی للمتقین۔ قرآن بھی انہی لوگوں کی ہدایت کا موجب ہوتا ہے جو تقویٰ اختیار کریں۔ ابتداء میں قرآن کے دیکھنے والوں کا تقویٰ یہ ہے کہ جہالت اور حسد اور بخل سے قرآن شریف کو نہ دیکھیں بلکہ نور قلب کا تقویٰ ساتھ لے کر صدق نیت سے قرآن شریف کو پڑھیں۔(الحکم 31/اگست 1901ء ص13 کالم3)

کلام اللہ خیال کرنا

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

قرآن شریف کو ایک معمولی کتاب سمجھ کر نہ پڑھو بلکہ اس کو خدا تعالیٰ کا کلام سمجھ کر پڑھو۔

(الحکم 24 جون 1902ء ص2 کالم1)

دوسروں سے معارف قرآنی دریافت کرنا

جو علمی ترقی چاہتا ہے اس کو چاہئے کہ قرآن شریف کو غور سے پڑھے۔ جہاں سمجھ میں نہ آئے دریافت کرے۔ اگر بعض معارف سمجھ نہ سکے تو دوسروں سے دریافت کر کے فائدہ پہنچائے۔

(الحکم 17 جولائی 1902ء ص5)

دعا کے مقام پر دعا کرنا

انسان کو چاہئے کہ قرآن شریف کثرت سے پڑھے۔ جب اس میں دعا کا مقام آوے تو دعا کرے اور خود بھی خدا تعالیٰ سے وہی چاہے جو اس دعا میں چاہا گیا ہے اور جہاں عذاب کا مقام آوے تو اس سے پناہ مانگے اور ان بداعمالیوں سے بچے جس کے باعث وہ قوم تباہ ہوئی...... دل کی اگر سختی ہو تو اس کے نرم کرنے کے لئے یہی طریق ہے کہ قرآن شریف کو ہی بار بار پڑھے۔ جہاں جہاں دعا ہوتی ہے وہاں مومن کا بھی دل چاہتا ہے کہ یہی رحمت الٰہی میرے بھی شامل حال ہو۔ قرآن شریف کی مثال ایک باغ کی ہے کہ ایک مقام سے انسان کسی قسم کا پھول چنتا ہے۔ پھر آگے چل کر اور قسم کا چنتا ہے پس چاہئے کہ ہر ایک مقام کے مناسب حال فائدہ اٹھاوے۔ اپنی طرف سے الحاق کی کیا ضرورت ہے۔ ورنہ پھر سوال ہوگا کہ تم نے ایک نئی بات کیوں بڑھائی۔ خدا کے سوا اور کس کی طاقت ہے کہ کہے کہ فلاں راہ سے اگر سورۃ یٰسٓ پڑھو گے تو

برکت ہوگی ورنہ نہیں۔

(ملفوظات جلد سوم ص 519)

تدبر وفکر سے پڑھنا

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

قرآن شریف تدبر و فکر اور غور سے پڑھنا چاہئے۔ حدیث شریف میں آتا ہے (-) یعنی بہت ایسے قرآن کے قاری ہوتے ہیں۔ جن پر قرآن کریم لعنت بھیجتا ہے۔ جو شخص قرآن پڑھتا اور اس پر عمل نہیں کرتا اس پر قرآن مجید لعنت بھیجتا ہے۔ تلاوت کرتے وقت جب قرآن کریم کی آیت رحمت پر گزر ہو تو وہاں خداتعالیٰ سے رحمت طلب کی جائے اور جہاں کسی قوم کے عذاب کا ذکر ہو تو وہاں خداتعالیٰ کے عذاب سے خداتعالیٰ کے آگے پناہ کی درخواست کی جاوے اور تدبر اور غور سے پڑھنا چاہئے اور پھر اس پر عمل کیا جاوے۔ (ملفوظات جلد پنجم ص 157)

معلم قرآن کی ضرورت

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

قرآن تمہارا محتاج نہیں۔ پر تم محتاج ہو کر قرآن کو پڑھو سمجھو اور سیکھو۔ جبکہ دنیا کے معمولی کاموں کے واسطے تم استاد پکڑتے ہو تو قرآن شریف کے واسطے استاد کی ضرورت کیوں نہیں۔ کیا بچہ ماں کے پیٹ سے نکلتے ہی قرآن پڑھنے لگے گا۔ بہر حال معلم کی ضرورت ہے۔ (الحکم 10 راگست 1907ء ص 5 کالم 2)

تاثیرات قرآن مجید

قرآن کریم اپنے اندر عجیب تاثیرات روحانیہ اپنے اندر رکھتا ہے جو اپنے پیروکاروں کو اخلاق حسنہ اور کمالات عظیمہ سے متصف کرتا ہے۔ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔ ''قرآن شریف صرف اتنا ہی نہیں چاہتا کہ انسان ترک شر کر کے سمجھ لے کہ بس اب میں صاحب کمال ہوگیا۔ بلکہ وہ تو انسان کو اعلیٰ درجہ کے کمالات اور اخلاق فاضلہ سے متصف کرنا چاہتا ہے تاکہ اس سے ایسے اعمال وافعال سرزد ہوں جو بنی نوع کی بھلائی اور ہمدردی پر مشتمل ہوں اور ان کا نتیجہ یہ ہو کہ اللہ تعالیٰ اس سے راضی ہو جاوے۔

تاثیرات قرآن مجید کی مثالیں آنحضرت ﷺ کے صحابہ کرامؓ میں بکثرت ملتی ہیں۔ ان میں سے چند پیش ہیں۔

حضرت عمرؓ بن خطاب جب گھر سے آنحضرت ﷺ کے ارادہ قتل (نعوذ باللہ) کے لئے نکلے اور راستہ میں معلوم ہوا کہ بہن اور بہنوئی بھی مشرف بہ اسلام ہو چکے ہیں تو واپس لوٹے اور ان کی جسمانی اذیت ان کے پائے ثبات میں لغزش پیدا نہ کرسکی تو قرآن مجید کی چند آیات جب سنیں تو ان کا دل نور ایمان سے لبریز ہوگیا۔ (اصابہ۔ تذکرہ حضرت عمرؓ)

حضرت ابوذر غفاریؓ نے جب اپنے بھائی سے قرآن کریم کے معجزانہ اثر کا ذکر سنا تو بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئے اور صدق دل سے مسلمان ہو گئے۔

(مسلم۔ فضائل ابوذرؓ)

حضرت طفیل بن عمرو دوسیؓ نے رسول اللہ ﷺ کی زبان مبارک سے جب قرآن مجید سنا تو بے اختیار مسلمان ہو گئے۔ (طبقات ابن سعد تذکرہ حضرت طفیلؓ)

حضرت خالد العدوانیؓ نے حضرت نبی کریم ﷺ کی زبان مبارک سے جب یہ آیت سنی۔ والسماء والطارق تو پوری سورۃ یاد کر لی اور مسلمان ہو گئے۔

قرآن مجید کی تلاوت کا شوق وشغف صحابہ کرامؓ میں عشق کا رنگ رکھتا تھا۔ وہ بلاناغہ اس کی تلاوت کرتے تھے۔ چند مثالیں پیش خدمت ہیں۔

صحابہ کرامؓ کا تلاوت کا طریق یہ تھا کہ انہوں نے اپنی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے اسے مختلف حصوں میں تقسیم کیا ہوا تھا۔ ایک نئے صحابیؓ نے صحابہ کرامؓ سے دریافت کیا کہ ایک ٹکڑے میں کتنی سورتیں شامل تھیں۔ جواب ملا تین، پانچ، سات، نو، گیارہ، تیرہ اور آخری حصہ کی تمام چھوٹی سورتیں ایک ٹکڑے میں شامل تھیں۔

(ابوداؤد کتاب الصلوٰۃ)

ایک روز صحابہ کرامؓ محو تلاوت تھے۔ آنحضرت ﷺ نے دیکھا تو فرمایا خدا کا شکر ہے۔ اللہ کی کتاب ایک ہے اور تم میں سرخ وسفید اور سیاہ ہر قسم کے لوگ ہیں۔ (ابوداؤد کتاب الصلوٰۃ)

صحابہ کرامؓ قرآن مجید کی اس سوز اور خوش الحانی سے تلاوت کرتے تھے کہ سننے والوں پر محویت کا عالم طاری ہو جاتا تھا۔ خوش الحانی سے تلاوت کو سننا صحابہ کرامؓ کا شیوہ تھا۔ ایک رات حضرت عائشہؓ دیر سے کاشانہ نبوت میں آئیں تو حضرت رسول مقبول ﷺ نے تاخیر کا سبب پوچھا تو کہا۔ ایک صحابیؓ ایسی تلاوت کر رہے تھے جو میں نے کبھی نہیں سنی۔ آپ بھی حضرت عائشہؓ کے ساتھ ہوئے۔ یہ صحابی حضرت سالم مولی بن ابی حذیفہؓ تھے۔ دیکھ کر فرمایا خدا کا شکر ہے میری امت میں ایسے لوگ موجود ہیں۔

(سیر الصحابہؓ ج 5 ص 107)

حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ اور ان کے قبیلے کو قرآن مجید خوش الحانی سے پڑھنے میں خاص وصف حاصل تھا۔ رسول اکرم ﷺ فرمایا کرتے تھے کہ قبیلہ اشعری کے لوگوں کی قرآن خوانی سے ہی ان کی جائے رہائش کو جان جاتا ہوں۔ (مسلم کتاب الفضائل الاشعرین)

مصائب وآلام میں بھی قرآن مجید ہی ان (صحابہ کرامؓ) کا سرمایہ تسکین ہوتا تھا۔ حضرت عثمان غنیؓ کی شہادت اس وقت ہوئی جب وہ قرآن پاک کی تلاوت میں مصروف تھے اور ان کے خون کے قطرے قرآن مجید کی اس آیت پہ گرے۔ فسیکفیکم اللّٰہ

(استیعاب تذکرہ عثمانؓ بن عفان)

قرآن مجید حفظ کرنے کا شوق صحابہ کرامؓ میں بدرجہ اتم موجود تھا۔ غزوہ بئر معونہ میں جو ستر صحابہؓ شہید ہوئے وہ سب کے سب قراء کہے جاتے تھے۔

ایک مرتبہ قبیلہ اوس اور خزرج میں مفاخرت ہوئی۔ تو قبیلہ اوس کے لوگوں نے کہا ہم میں حنظلہؓ بنی عامر ہیں جن کو ملائکہ نے غسل دیا تھا۔ ہم میں عاصمؓ بن ثابت ہیں۔ جن کے جسد کو بھڑوں نے کفار کی دست برد سے بچایا۔ ہم میں سعد بن معاذؓ ہیں جن کی وفات پر عرش الٰہی ہل گیا۔ ہم میں خزیمہ بن ثابتؓ ہیں جن کی شہادت کو آنحضرت ﷺ نے دو شہادتوں کے برابر قرار دیا ہے۔ اس پر قبیلہ خزرج کے لوگ جواب میں بولے ہم میں چار شخص ہیں۔ جنہوں نے زمانہ رسالت میں قرآن حفظ کر لیا تھا اور وہ ہیں حضرت ابی ابن کعبؓ، حضرت معاذ بن جبلؓ، حضرت زید بن ثابتؓ اور حضرت ابوزیدؓ۔ (اسد الغابہ تذکرہ حضرت ابوزیدؓ)

جنگ یمامہ میں بکثرت حفاظ شریک ہوئے تھے۔ ان کے شہید ہونے پر حضرت عمرؓ نے حضرت ابوبکرؓ کو جمع قرآن کی تحریک فرمائی۔

(بخاری کتاب فضائل القرآن)

حضرت مسیح موعود قرآن مجید کے ظاہری و باطنی اوصاف حسنہ اور اعلیٰ کمالات کو اپنے منظوم کلام میں یوں بیان فرماتے ہیں۔

ہست فرقاں آفتاب علم و دیں
تا بر ندت از گماں سوئے یقیں

(براہین احمدیہ حصہ سوم جلد 1 ص 160)

ترجمہ: قرآن مجید علم اور دین کا سورج ہے تاکہ تجھے شک سے یقین کی طرف لے جائے۔

ہست فرقان مبارک از خدا طیب شجر
نو نہال و نیک بود و سایہ دار و پُر ز بر

ترجمہ: قرآن پاک خدا کی طرف سے ایک پاکیزہ درخت ہے جو نونہال اور نیک اصل والا اور سایہ دار پھلوں سے لدا ہوا ہے۔

(براہین احمدیہ حصہ چہارم۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 612)

قرآں خدا نما ہے خدا کا کلام ہے
بے اس کے معرفت کا چمن نا تمام ہے

(اردو درثمین)

اور بیشک خداتعالیٰ کی کتاب معرفت کا دریا ہے اور ہم اس میں شیریں چشمے پاتے ہیں۔

(کرامات الصادقین)

اللہ تعالیٰ برکات قرآنی سے دلوں کو روشن اور منور کرے۔ آمین

کیا لکھوں تعریف تیری مجھ میں یہ طاقت نہیں

یوں تو ممکن ہی نہیں میرے گناہوں کا شمار
پھر بھی ہے امید رحمت اے مرے پروردگار

تو ہے آقا تو ہے مولا، وحدہٗ اور لاشریک
تو ہے خالق دو جہاں کا سب ترے خدمت گزار

چاند اور سورج میں تیرے نور کی ہے روشنی
تیری قدرت پر ہیں شاہد یہ ستارے بے شمار

تیرے فضلوں کی ہے بارش ہر طرف مولا کریم!
میں ہی کم مایہ ہوں اور دامن بھی میرا تار تار

کیا لکھوں تعریف تیری مجھ میں یہ طاقت نہیں
تیرے الطاف و کرم ہیں مجھ پہ بیروں از شمار

انور ندیم علوی

مکرم محمد افضل متین صاحب

وصیت کا عظیم الشان نظام

بہشتی مقبرہ کا قیام

اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کو کشف کی حالت میں بہشتی مقبرہ کے لئے ایک جگہ دکھائی۔ آپ فرماتے ہیں:

''مجھے ایک جگہ دکھلائی گئی کہ یہ تیری قبر کی جگہ ہو گی ایک فرشتہ میں نے دیکھا کہ وہ زمین کو ناپ رہا ہے تب ایک مقام پر اس نے پہنچ کر مجھے کہا کہ یہ تیری قبر کی جگہ ہے۔ پھر ایک جگہ مجھے ایک قبر دکھلائی گئی کہ وہ چاندی سے زیادہ چمکتی تھی اور اس کی تمام مٹی چاندی کی تھی تب مجھے کہا گیا کہ یہ تیری قبر ہے اور ایک جگہ مجھے دکھلائی گئی اور اس کا نام بہشتی مقبرہ رکھا گیا اور ظاہر کیا گیا کہ وہ ان برگزیدہ جماعت کے لوگوں کی قبریں ہیں جو بہشتی ہیں۔ تب سے مجھے یہ فکر رہی کہ جماعت کے لئے ایک قطعہ زمین قبرستان کی غرض سے خریدا جائے لیکن چونکہ موقع کی عمدہ زمینیں بہت قیمت سے ملتی تھیں اس لئے یہ غرض مدت دراز تک، معرض التواء میں رہی اب اخویم مولوی عبدالکریم صاحب مرحوم کی وفات کے بعد جب کہ میری وفات کی نسبت بھی متواتر وحی الٰہی ہوئی میں نے مناسب سمجھا کہ قبرستان کا جلدی انتظام کیا جائے اس لئے میں نے اپنی ملکیت کی زمین جو ہمارے باغ کے قریب ہے جس کی قیمت ہزار روپیہ سے کم نہیں اس کام کے لئے تجویز کی اور میں دعا کرتا ہوں کہ خدا اس میں برکت دے اور اسی کو بہشتی مقبرہ بنا دے۔''

(رسالہ الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 316)

چنانچہ اللہ تعالیٰ کی مصلحتوں کے ماتحت دسمبر 1905ء کے آخر میں بہشتی مقبرہ کا قیام عمل میں آیا۔

مؤثر نظارہ

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''عجیب موثر نظارہ ہو گا جو زندگی میں ایک جماعت تھے مرنے کے بعد بھی ایک جماعت ہی نظر آئے گی یہ بہت ہی خوب ہے جو پسند کریں وہ پہلے سے بندوبست کر سکتے ہیں کہ یہاں دفن ہوں۔''

(ملفوظات جلد چہارم ص 586)

اغراض ومقاصد

نظام وصیت کے اغراض ومقاصد پر روشنی ڈالتے ہوئے حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

''اور یہ مالی آمدنی ایک بادیانت اور اہل علم انجمن کے سپرد رہے گی اور وہ باہمی مشورہ سے ترقی دین (۔) اور اشاعت علم قرآن وکتب دینیہ اور اس سلسلہ کے واعظوں کے لئے حسب ہدایت مذکورہ بالا خرچ کریں گے اور خدا تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ وہ اس سلسلہ کو ترقی دے گا اور اس لئے امید کی جاتی ہے کہ اشاعت (۔) کے لئے ایسے مال بھی بہت اکٹھے ہو جائیں گے اور ہر ایک امر جو مصالح اشاعت (۔) میں داخل ہے جس کی اب تفصیل کرنا قبل از وقت ہے وہ تمام امور ان اموال سے انجام پذیر ہوں گے اور جب ایک گروہ جو متکفل اس کام کا ہے فوت ہو جائے گا تو وہ لوگ جو ان کے جانشین ہوں گے ان کا بھی یہی فرض ہوگا کہ ان تمام خدمات کو حسب ہدایت سلسلہ احمدیہ بجا لاویں۔ ان اموال میں سے ان یتیموں اور مسکینوں کا بھی حق ہوگا جو کافی طور پر وجوہ معاش نہیں رکھتے اور سلسلہ احمدیہ میں داخل ہیں اور جائز ہوگا کہ ان اموال کو بطور تجارت ترقی دی جائے۔ یہ مت خیال کرو کہ یہ صرف دور از قیاس باتیں ہیں بلکہ یہ اسی قادر کا ارادہ ہے جو زمین وآسمان کا بادشاہ ہے۔''

(رسالہ الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 319)

حضرت مصلح موعود اس ضمن میں فرماتے ہیں۔

جب وصیت کا نظام مکمل ہوگا تو صرف............ ہی اس سے نہ ہو گی بلکہ............ کے منشاء کے ماتحت ہر فرد بشر کی ضرورت کو اس سے پورا کیا جاوے گا اور دکھ اور تنگی کو دنیا سے مٹا دیا جائے گا انشاء اللہ یتیم بھیک نہ مانگے گا بیبیوں لوگوں کے آگے ہاتھ نہ پھیلائے گا بے سامان پریشان نہ پھرے گا کیونکہ وصیت بچوں کی ماں ہوگی، جوانوں کی باپ ہوگی، عورتوں کا سہاگ ہو گی اور جبر کے بغیر محبت اور دلی خوشی کے ساتھ بھائی بھائی کی مدد کرے گا اور اس کا دینا بے بدلہ نہ ہوگا بلکہ ہر دینے والا خدا تعالیٰ سے بہتر بدلہ پائے گا اور نہ امیر گھاٹے میں رہے گا نہ غریب نہ قوم قوم سے لڑے گی بلکہ اس کا احسان سب دنیا پر ہوگا۔ (نظام نو)

نظام وصیت کے ذریعہ دین کی حفاظت

دشمنان دین کی مخالفانہ کوششوں اور ان کی طرف سے کئے جانے والے اعتراضات کا ذکر کرتے ہوئے حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

''ایسی حالت اور صورت میں اس نے ارادہ فرمایا ہے کہ......... چہرہ پر سے وہ تاریک حجاب ہٹا دے اور اس کی روشنی سے دلوں کو منور کرے اور ان بے جا اتہامات اور حملوں سے جو آئے دن مخالف اس پر لگاتے اور کرتے ہیں اسے محفوظ کیا جائے اس غرض سے یہ سلسلہ اللہ تعالیٰ نے قائم کیا ہے وہ چاہتا ہے کہ.......... اپنا نمونہ دکھاویں یہی وجہ ہے جو میں نے پسند کیا ہے کہ ایسے لوگ جو اشاعت (۔) کا جوش دل میں رکھتے ہیں اور جو اپنے صدق اور اخلاص کا نمونہ دکھلا کر فوت ہوں اور اس مقبرہ میں دفن ہوں ان کی قبروں پر ایک کتبہ لگا دیا جاوے جس میں اس کے مختصر سوانح ہوں اور اس اخلاص ووفا کا بھی کچھ ذکر ہو جو اس نے اپنی زندگی میں دکھایا تا جو لوگ اس قبرستان میں آویں اور کتبوں کو پڑھیں ان پر ایک اثر ہو اور مخالف قوموں پر بھی ایسے صادقوں اور راستبازوں کے نمونے دیکھ کر ایک خاص اثر پیدا ہو۔''

(ملفوظات جلد چہارم ص 617)

اس انتظام کو بدعت خیال نہ کریں

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''کوئی نادان اس قبرستان اور اس انتظام کو بدعت میں داخل نہ سمجھے کیونکہ یہ انتظام حسب وحی الٰہی ہے انسان کا اس میں دخل نہیں اور کوئی یہ خیال نہ کرے کہ صرف اس قبرستان میں داخل ہونے سے کوئی بہشتی کیونکر ہو سکتا ہے کیونکہ یہ مطلب نہیں کہ یہ زمین کسی کو بہشتی کر دے گی، بلکہ خدا کے کلام کا یہ مطلب ہے کہ صرف بہشتی ہی اس میں دفن کیا جائے گا۔''

(رسالہ الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 321)

نظام وصیت میں شمولیت کی تحریک

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''یقیناً یاد رکھو کہ خدا ہے اور مر کر اس کے حضور ہی جانا ہے۔ کون کہہ سکتا ہے کہ سال آئندہ کے انہیں دنوں میں ہم میں سے یہاں کون ہوگا اور کون آگے چلا جائے گا۔ جبکہ یہ حالت ہے اور یہ یقینی امر ہے پھر کس قدر بدقسمتی ہو گی۔ اگر اپنی زندگی میں قدرت اور طاقت رکھتے ہوئے اس اصل مقصد کے لئے سعی نہ کریں۔ (۔) تو ضرور پھیلے گا اور وہ غالب آئے گا کیونکہ خدا تعالیٰ نے ایسا ہی ارادہ فرمایا ہے مگر مبارک ہوں گے وہ لوگ جو اس اشاعت میں حصہ لیں گے۔ یہ خدا تعالیٰ کا فضل اور احسان ہے جو اس نے تمہیں موقعہ دیا ہے۔ یہ زندگی جس پر فخر کیا جاتا ہے، ہیچ ہے اور ہمیشہ کی خوشی کی وہی زندگی ہے جو مرنے کے بعد عطا ہو گی۔ ہاں یہ سچ ہے کہ وہ اسی دنیا اور اسی زندگی سے شروع ہو جاتی ہے اور اس کی تیاری بھی یہاں ہی ہوتی ہے۔ عرصہ ہوا کہ خدا تعالیٰ نے مجھ پر ظاہر کیا تھا کہ ایک بہشتی مقبرہ ہوگا۔ گویا اس میں وہ لوگ داخل ہوں گے جو اللہ تعالیٰ کے علم میں اور ارادہ میں جنتی ہیں۔ پھر اس کے متعلق الہام ہوا۔(۔) (یعنی) اس سے کوئی نعمت اور رحمت باہر نہیں رہتی۔ اب جو شخص چاہتا ہے کہ وہ ایسی رحمت کے نزول کی جگہ میں دفن ہو۔ کیا عمدہ موقعہ ہے کہ وہ دین کو دنیا پر مقدم کرے اور اللہ تعالیٰ کی مرضی کو اپنی مرضی پر مقدم کرے۔

(ملفوظات جلد چہارم ص 616)

اس ضمن میں حضرت اقدس مزید فرماتے ہیں کہ:۔

بالآخر یہ بھی یاد رہے کہ بلاؤں کے دن نزدیک ہیں اور ایک سخت زلزلہ جو زمین کو تہہ بالا کر دے گا قریب ہے پس وہ جو معائنہ عذاب سے پہلے اپنا تارک الدنیا ہونا ثابت کرائیں گے اور نیز یہ بھی ثابت کر دیں گے کہ کس طرح انہوں نے میرے حکم کی تعمیل کی خدا کے نزدیک حقیقی مومن وہی ہیں اور اس کے دفتر میں سابقین اولین لکھے جائیں گے اور میں سچ سچ کہتا ہوں کہ وہ زمانہ قریب ہے کہ ایک منافق جس نے دنیا سے محبت کر کے اس حکم کو ٹال دیا ہے وہ عذاب کے وقت آہ مار کر کہے گا کہ کاش میں تمام جائیداد کیا منقولہ اور کیا غیر منقولہ خدا کی راہ میں دے دیتا اور اس عذاب سے بچ جاتا۔ یاد رکھو اس عذاب کے معائنہ کے بعد ایمان بے سود ہوگا اور صدقہ خیرات محض عبث، دیکھو میں بہت قریب عذاب کی تمہیں خبر دیتا ہوں کہ اپنے لئے وہ زاد جلد تر جمع کرو کہ کام آوے۔ میں یہ نہیں چاہتا کہ تم سے کوئی مال لوں اور اپنے قبضہ میں کر لوں بلکہ تم اشاعت دین کے لئے ایک انجمن کے حوالہ اپنا مال کرو گے اور بہشتی زندگی پاؤ گے۔ بہتیرے ایسے ہیں کہ وہ دنیا سے محبت کر کے میرے حکم کو ٹال دیں گے مگر بہت جلد دنیا سے جدا کئے جائیں گے۔

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 328)

مومن اور منافق میں تمیز

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

''ممکن ہے کہ بعض آدمی جن پر بدگمانی کا مادہ غالب ہو وہ ہمیں اس کارروائی میں اعتراضوں کا نشانہ بناویں اور اس انتظام کو اغراض نفسانیہ پر مبنی سمجھیں یا اس کو بدعت قرار دیں لیکن یاد رہے کہ یہ خدا تعالیٰ کے کام ہیں وہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ بلاشبہ اس نے ارادہ کیا ہے کہ اس انتظام سے منافق اور مومن میں تمیز کرے اور ہم خود محسوس کرتے ہیں کہ جو لوگ اس الٰہی انتظام پر اطلاع پا کر بلا توقف اس فکر میں پڑتے ہیں کہ دسواں حصہ جائیداد کا خدا کی راہ میں دیں بلکہ اس سے بھی زیادہ اپنا جوش دکھلاتے ہیں اور اپنی ایمانداری پر مہر لگا دیتے ہیں۔

(رسالہ الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 327)

ہر کتبہ جماعت کی تاریخ ہے

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

میں اس کو پسند کرتا ہوں اور یہ بدعت نہیں کہ قبروں پر کتبے لگائے جاویں اس سے عبرت ہوتی ہے اور ہر کتبہ جماعت کی تاریخ ہوتی ہے۔

(ملفوظات جلد چہارم ص 587)

صلحاء کے پہلو میں دفن ہونا بھی نعمت ہے

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

جو لوگ صالح معلوم ہوں ان کی قبریں دور نہ ہوں، ریل نے آسانی کا سامان کر دیا ہے............ صلحاء کے پہلو میں دفن بھی ایک نعمت ہے۔ حضرت عمرؓ کے متعلق لکھا ہے کہ مرض الموت میں انہوں نے حضرت عائشہؓ سے کہلا بھیجا کہ آنحضرت ﷺ کے پہلو میں جو جگہ ہے انہیں دی جاوے۔ حضرت عائشہؓ نے ایثار سے کام لے کر وہ جگہ ان کو دے دی تو فرمایا (۔) یعنی اس کے بعد مجھے کوئی غم نہیں جب کہ میں آنحضرت ﷺ کے روضہ میں مدفون ہوں مجاورت بھی خوشحالی کا موجب ہوتی ہے۔

(ملفوظات جلد چہارم ص 586-587)

بہشتی مقبرہ کے لئے دعائیں

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''میں دعا کرتا ہوں کہ خدا اس میں برکت دے اور اسی کو بہشتی مقبرہ بنا دے اور یہ اس جماعت کے پاک دل لوگوں کی خواب گاہ ہو جنہوں نے درحقیقت دین کو دنیا پر مقدم کر لیا اور دنیا کی محبت چھوڑ دی اور خدا کے لئے ہو گئے اور پاک تبدیلی اپنے اندر پیدا کر لی۔

پھر میں دعا کرتا ہوں کہ اے میرے قادر خدا اس زمین کو میری جماعت میں ان پاک دلوں کی قبریں بنا جو فی الواقع تیرے لئے ہو چکے اور دنیا کی اغراض کی ملونی ان کے کاروبار میں نہیں۔ آمین یارب العالمین

پھر میں تیسری دفعہ دعا کرتا ہوں کہ اے میرے قادر کریم اے خدائے غفور و رحیم تو صرف ان لوگوں کو اس جگہ قبروں کی جگہ دے جو تیرے اس فرستادہ پر سچا ایمان رکھتے ہیں اور کوئی نفاق اور غرض نفسانی اور بدظنی اپنے اندر نہیں رکھتے اور جیسا کہ حق ایمان اور اطاعت کا ہے بجا لاتے ہیں اور تیرے لئے اور تیری راہ میں اپنے دلوں میں جان فدا کر چکے ہیں جن سے تو راضی ہے اور جن کو تو جانتا ہے کہ وہ بکلی تیری محبت میں کھوئے گئے اور تیرے فرستادہ سے وفاداری اور پورے ادب اور انشراحی ایمان کے ساتھ محبت اور جانفشانی کا تعلق رکھتے ہیں۔ آمین یارب العالمین۔

(رسالہ الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 316، 317)

حضور انور کی خواہش

پیارے آقا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ فرماتے ہیں۔

''میری یہ خواہش ہے کہ 2008ء میں جب خلافت احمدیہ کو قائم ہوئے 100 سال ہو جائیں تو دنیا کے ہر ملک، ہر جماعت میں جو کمانے والے افراد ہیں، چندہ دہندہیں ان میں سے کم از کم 50% تو ایسے ہوں جو حضرت اقدس مسیح موعود کے اس عظیم الشان نظام میں شامل ہو چکے ہوں اور روحانیت کو بڑھانے اور قربانیوں کے یہ اعلیٰ معیار قائم کرنے والے بن چکے ہوں اور یہ بھی جماعت کی طرف سے اللہ تعالیٰ کے حضور ایک حقیر سا نذرانہ ہو گا جو جماعت خلافت کے سو سال پورے ہونے پر دے رہی ہو گی، شکرانے کے طور پر اللہ تعالیٰ کے حضور پیش کر رہی ہو گی۔

آپ مزید فرماتے ہیں۔

اور اس نظام میں شامل ہونے سے یاد رکھیں کہ جیسا کہ حضرت اقدس مسیح موعود نے فرمایا ہے کہ ایسے لوگ شامل ہونے چاہئیں آپ نے فرمایا کہ انجام بخیر کی فکر کرنے اور عبادات بجا لانے والے جو زمانہ ہے وہ جوانی کا زمانہ ہے جیسا کہ پہلے ذکر ہو چکا ہے اس لئے خدام الاحمدیہ اور انصار اللہ کی صف دوم جو ہے اور لجنہ اماء اللہ کو اس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہئے کیونکہ ستر پچھتر سال کی عمر کو پہنچ کر جب قبر میں پاؤں لٹکائے ہوئے ہوں تو وصیت تو اس وقت بچا کھچا ہی ہے جو پیش کیا جاتا ہے۔ تو امید ہے کہ احمدی خواتین بھی اور نوجوان بھی اس سلسلہ میں بھرپور کوششیں کریں گے اور اپنے ساتھ ساتھ اپنے عورتوں کو خاص طور پر میں کہہ رہا ہوں کہ اپنے ساتھ ساتھ اپنے خاوندوں اور بچوں کو بھی عظیم انقلابی نظام میں شامل کرنے کی کوششیں کریں گے۔''

اللہ تعالیٰ ہر احمدی کو اس بابرکت نظام میں شامل ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

(اختتامی خطاب جلسہ سالانہ برطانیہ 2004ء)

مکرم ایم اے لطیف شاہد صاحب

جماعت احمدیہ کی امتیازی شان۔ قبولیت دعا

حضرت مولانا غلام رسول صاحب راجیکی کے تعلق باللہ کے نمونے

احمدیہ بیت الذکر اسلام آباد کے دفاتر میں روزانہ 11 بجے قبل دوپہر چائے کا وقفہ ہوتا ہے اس میں مکرم منیر احمد فرخ صاحب امیر جماعت اسلام آباد اور ان کی عاملہ کے ممبران جو اپنے شعبہ کا کام کرنے آئے ہوئے ہوتے ہیں وہ سب اس چائے کے وقفہ میں آ کر مل بیٹھتے ہیں اور بعض دفعہ بہت اچھی گفتگو چل نکلتی ہے۔ ایک روز مکرم امیر صاحب نے بتایا کہ احمدیوں کے اخلاق عام لوگوں سے اعلیٰ اور مختلف ہوتے ہیں۔ ایک احمدی ٹریفک پولیس انسپکٹر نے موٹروے پر ایک تیز رفتار گاڑی کو روک کر چالان کرنا چاہا۔ گاڑی والا بہت ہی منت سماجت کرنے لگا۔ انسپکٹر صاحب نے اس کو نہایت عزت سے ایک کرسی پر بٹھایا اور چائے پلائی اس طرح آدھا گھنٹہ گزر گیا۔ تب اس کو جانے دیا اور اس کو بتایا کہ تم تیز جا رہے تھے اب آدھا گھنٹہ میں نے تمہیں بطور سزا یہاں بٹھا لیا ہے اب تم جا سکتے ہو۔ آئندہ احتیاط کریں ہم آپ کی ہی حفاظت کے لئے ڈیوٹی دے رہے ہیں۔

پھر باتوں کا رخ قبولیت دعا کے واقعات کی طرف مڑ گیا اور حضرت مولانا غلام رسول صاحب راجیکی کا ذکر آیا۔ مکرم امیر صاحب نے اپنا ایک واقعہ سنایا کہ B.Sc. Engg. کے سالانہ فائنل امتحان میں ان کا D C Machines کا پرچہ بہت خراب ہوا اس میں کامیابی بالکل ناممکن تھی۔ زیادہ تر سوالات نصاب سے باہر تھے۔ ان کے اندازے کے مطابق 16 فیصد نمبر کی توقع تھی اور اس پرچہ میں کمپارٹ بھی نہیں آ سکتی تھی اور دوبارہ سارا امتحان دینا پڑتا تھا۔ سخت پریشانی کے عالم میں دوبارہ پڑھائی شروع کر دی۔ پوچھنے پر والدہ صاحبہ کو بتایا کہ ایک پرچہ بہت خراب ہو گیا ہے اس میں اتنے نمبر بھی نہیں آئیں گے کہ کمپارٹ آ جائے کیونکہ اس کے لئے کم از کم 25 فیصد ہونے چاہئیں جس کی امید کسی طرح ممکن نہ تھی والدہ صاحبہ ان کو لے کر لاہور سے ربوہ لے گئیں کچھ پھل راستہ سے لیا اور دعا کی خاطر حضرت مولانا راجیکی صاحب کے گھر واقع دارالرحمت غربی پہنچ گئے۔ مولانا گھر کے صحن میں تشریف رکھتے تھے۔ آپ سے ملاقات ہوئی آنے کی وجہ بیان کی انہوں نے دعا کے لئے ہاتھ اٹھائے اور پاس ہونے کی خوشخبری سنائی امیر صاحب کا کہنا تھا کہ مجھے یقین نہیں آیا کہ پرچہ اتنا خراب ہوا ہے پاس ہونا ممکن نہ تھا۔ یہی خیال آیا کہ مولوی صاحب نے ہمیں خوش کرنے کے لئے ایسا کہہ دیا ہے اس وقت ان کی دعا کی قبولیت کا اندازہ نہ تھا۔

چند دنوں کے بعد ان کے گھر لاہور رشتہ میں ماموں ظہور احمد کا نا کا چھا میں پولیس کے تھانیدار تھے ملنے آئے وہ احمدی نہ تھے۔ انہوں نے جاتے وقت پوچھا کہ انجینئرنگ کالج میں ایک پروفیسر جن کا نام احمد ہے جانتے ہو امیر صاحب نے بتایا کہ وہ ان کے D.C.Machines کے مضمون کے پروفیسر ہیں۔ تو وہ کہنے لگے کہ وہ میرے بہت پرانے دوست ہیں ہم علی گڑھ میں پڑھا کرتے تھے اور پاکستان بننے کے بعد ان سے ملاقات نہیں ہوئی میرا ان کو سلام کہنا، امیر صاحب نے سوچا کہ یہی پرچہ بہت خراب ہوا ہے کیوں نہ ان سے سفارش کروائی جائے ان کے کہنے پر وہ دونوں پروفیسر احمد کے گھر گئے۔ آمنا سامنا ہونے پر انہوں نے ایک دوسرے کو دیکھا اور پہچان کر گلے ملے۔ دونوں کی آنکھوں میں آنسو تھے۔ چائے وغیرہ پی کر پروفیسر صاحب امیر صاحب سے مخاطب ہوئے اور پوچھا کہ تمہارا پرچہ کیسا ہوا ہے یہ بتانے پر کہ اکثر سوال out of course تھے۔ وہ کہنے لگے کہ ایسا ہی ہے کیونکہ اس پرچہ میں تقریباً سب طالب علم فیل ہیں۔ یونیورسٹی کے اعلیٰ افسران نے وہ پرچے واپس کئے ہیں کہ اس طرح کالج کی بہت عزتی ہو گی اس لئے آپ نرمی کریں اور کچھ طالب علموں کو پاس کریں۔ اس طرح چار پانچ طالب علم پاس ہو گئے۔ پرچے پھر دوبارہ واپس آئے کہ اور نرمی کریں پھر چند اور طالب علم پاس کئے لیکن پرچے پھر تیسری دفعہ واپس آ گئے ۔اس طرح میں بھی پاس ہو گیا جو بظاہر ناممکن تھا۔

مکرم منیر احمد ڈار صاحب آف راولپنڈی نے بتایا کہ ان کی ہمشیرہ پشاور میں مقیم تھیں اور بچے کی ماں بننے والی تھیں۔ ڈاکٹروں نے بتایا کہ Situation بہت خراب ہے اور پیدائش کے وقت ماں یا بچے میں سے کسی ایک کی جان کو خطرہ ہے۔ ڈار صاحب اس وقت ربوہ میں تھے ان کو پیغام ملا کہ وہ حضرت مولانا غلام رسول صاحب راجیکی کے پاس جائیں اور دعا کے لئے درخواست کریں۔ ڈار صاحب مولانا صاحب کو ملنے ان کے گھر گئے پتہ چلا کہ بازار تک گئے ہیں۔ وہاں ایک ہوٹل میں ملاقات ہو گئی۔ دعا کے لئے درخواست کی انہوں نے فوراً دعا کے لئے ہاتھ اٹھائے اور خوشی کی خبر سنائی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے پیدائش کے بعد دونوں ماں بچہ خیریت سے تھے۔ اس بچے کا نام وسیم احمد ڈار ہے اور وہ پاکستان آرمی سے بطور میجر ریٹائر ہوئے ہیں۔

خاکسار راقم الحروف نے بتایا کہ میری اہلیہ صاحبہ مسز ذکیہ لطیف بی اے کے امتحان کے وقت بیمار ہو گئیں طبیعت سخت خراب تھی اور اگلے دن پرچہ تھا ان کی والدہ ان کو حضرت مولانا غلام رسول صاحب راجیکی کے پاس دعا کے لئے لے گئیں۔ حضرت مولانا نے دعا کے لئے ہاتھ اٹھائے اور بتایا کہ انشاء اللہ صحت ہو جائے گی اور امتحان میں کامیابی ہو گی اور ساتھ ہی بتایا کہ بچی کے دادا چوہدری بدردین مرحوم بھی یہاں میرے ساتھ بیٹھے تھے اور دعا میں شامل ہوئے۔ نتیجہ نکلنے پر ان کی کالج میں تھرڈ پوزیشن تھی۔

اس مجلس میں بیٹھے سب احباب جیسے مکرم وسیم احمد چیمہ صاحب مربی ضلع مکرم چوہدری محمود احمد بھلر، مکرم شریف احمد متو، مکرم ریٹائرڈ کیپٹن ایوب احمد ظہیر صاحب، سب نے تائید کی کہ ان کو بھی قبولیت دعا کا ذاتی تجربہ ہے۔ حضرت مسیح موعود کے رفقاء کرام جیسے حضرت ابراہیم بقاپوری اور حضرت مختار احمد شاہجہان پوری کی قبولیت دعا کا ذاتی تجربہ ہے۔ اور یہی جماعت احمدیہ کو دنیا کی سب مذہبی جماعتوں پر فوقیت کا بیّن ثبوت ہے۔

☆......☆......☆

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 92510 میں Morlai Kamara

ولد Pasorie Kamara قوم Timne پیشہ طالب علم عمر 19 سال بیعت ...... ساکن سیرالیون بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 10-04-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/Le100 ماہوار بصورت الاؤنس مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Morlai Kamara۔ گواہ شد نمبر 1 Muhammad M.Kamara۔ گواہ شد نمبر 2 Ibrahim Janjua

مسل نمبر 92511 میں Alie B.Kamara

ولد Morlai B.Kamara قوم Themne پیشہ طالب علم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن سیرالیون بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 10-04-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/Le100000 ماہوار بصورت الاؤنس مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Alie B.Kamara۔ گواہ شد نمبر 1 Muhammad M.Kamara۔ گواہ شد نمبر 2 Ibrhaim Janjua

مسل نمبر 92512 میں

Santigie Thoronka

ولد John Thoronka قوم Lohok پیشہ طالب علم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن سیرالیون بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 10-04-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/Le100000 ماہوار بصورت الاؤنس مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Santigie Thoronka۔ گواہ شد نمبر 1 Muhammad M.Kamara۔ گواہ شد نمبر 2 Ibrahim Janjua

مسل نمبر 92513 میں

Mohammad Bangura

